# انجمن خُدّامُ القُرآن

ماہانہ خبر نامہ

سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ

شمارہ نمبر: 21

اکتوبر 2020ء بمطابق صفر المظفر 1442ھ

زیرِ اہتمام: انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔


## فرمانِ الٰہی

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذِىۡ خَلَقَ‌ ۚ ① خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ‌ ۚ ② اِقۡرَاۡ

وَرَبُّكَ الۡاَكۡرَمُۙ ③ الَّذِىۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِۙ ④ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ

يَعۡلَمۡؕ ⑤ (سورۃ العلق آیت 1 تا 5)

پڑھیے اپنے رب کے نام سے جو سب کا بنانے والا ہے، پڑھیے اور آپ کا رب بڑا کریم ہے جس نے علم سکھایا قلم سے۔ سکھایا انسان کو وہ جو وہ نہیں جانتا تھا۔

## فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عَنْ اَنسٍ رضی اللہ عنہ قالَ قَالَ رَسُولُ اللہِ، صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَن خرَجَ فی طَلَبِ العِلمِ فَھُوَفِی سَبیلِ اللہِ حَتّٰی یرجِعَ (رواہ ترمذی)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "جو نکلا علم کی طلب میں وہ گویا اللہ کی راہ میں ہے یہاں تک کہ گھر لوٹے"

## اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ اکتوبر 2020 کا یہ شمارہ آپ کو آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی سلامتی صحت اور ایمان کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہوگا۔ آمین

قارئین کرام!

ہمارے دین میں علم کی جو اہمیت ہے اور فضیلت ہے اس کا اندازہ اس بات سے بخوبی ہو جاتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جو اولین وحی نازل ہوئی اس میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے دو مرتبہ پڑھنے کا حکم ارشاد فرمایا ہے اس کے علاوہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعدد ارشادات بھی علم کی اہمیت وفضیلت کی طرف رہنمائی کرتے ہیں اور مزید یہ کہ علم میں بھی علم قرآن کو فضیلت حاصل ہے کہ اس حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھتے ہیں اور سکھاتے ہیں۔ الحمد للہ انجمن خدام القرآن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان عالیشان کے مطابق اللہ کی توفیق وتائید سے عمل پیرا ہے اور ماہ اگست میں رجوع الی القرآن کورس کے آغاز کے بعد اب الحمد للہ 11 اکتوبر 2020 سے مختصر دورانیہ کے کورسز کا آغاز کر رہی ہے جس میں عربی گرامر برائے قرآن فہمی، مطالباتِ قرآن، علم وعمل کورس برائے طلبہ وطالبات، قرآن حکیم کی صرفی ونحوی تحلیل، تجوید القرآن برائے خواتین، بنیادی عربی گرامر کورس اور شام کے اوقات میں قرآن فہمی کورس شامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو استقامت عطا فرمائے ہمیں ان کورسز کے لیے قبول فرمائے اور ہمارے لیے اس حوالے سے آسانیاں پیدا فرمائے۔ آمین

والسلام

انجینئر نعمان اختر صاحب

مدیرِ تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

الحمدللہ قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں رجوع الی القرآن کورس کے 27ویں بیچ کا آغاز 17 اگست سے آغاز ہو چکا ہے۔ 34 طلبہ اور 16 طالبات کورس میں شریک ہیں مختلف آن لائن کورسز کا سلسلہ بھی الحمدللہ جاری ہے جس میں تجوید القرآن کورس برائے خواتین بروز منگل اور جمعرات محترمہ ناظمہ صاحبہ تدریس کے فرائض انجام دے رہی ہیں اور Lessons of Arabic Language برائے حضرات وخواتین بروز اتوار جناب عارف عرفان اللہ صاحب تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں اور بروز پیر، منگل، جمعرات ترجمہ قرآن برائے خواتین میں ناظمہ صاحبہ تدریس کے فرائض انجام دے رہی ہیں۔ اس کے علاوہ نئے کورسز میں قرآن کے ساتھ سفر پیر اور جمعرات 3:00 تا 5:00 بجے برائے خواتین جس میں تدریس کے فرائض مسز ذیشان صاحبہ ادا کررہی ہیں اور آسان عربی گرامر برائے خواتین پیر اور جمعرات 3:00 تا 5:00 بجے بنتِ حسن صاحبہ تدریس کے فرائض ادا کررہی ہیں۔ مدرسۃ القرآن میں مورخہ 2 ستمبر سے شعبہ قاعدہ وناظرہ کی آن کیمپس کلاسز کا آغاز کردیا گیا ہے۔ گزشتہ ماہ شعبہ حفظ کے طلبہ کا جائزہ لیا گیا جس کی رپورٹ والدین کو جلد ارسال کردی جائے گی۔ مسجد جامع القرآن ڈیفنس میں الحمدللہ نماز پنجگانہ کے علاوہ نماز جمعہ و عیدین، نکاح اور نماز جنازہ کا بھی اہتمام ہوتا ہے۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس میں تدریس کا سلسلہ جاری ہے جس میں 66 طلبہ اور 37 طالبات شریک ہیں۔ الحمدللہ قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں بیرونِ شہر سے آئے ہوئے 8 طلبہ ہاسٹل میں مقیم ہیں۔ بعد نماز ظہر مختصر دورانیہ میں مطالعہ قرآن اور بعد نماز عصر مطالعہ حدیث کا بھی اہتمام ہے جبکہ بروز جمعہ بعد نماز عشاء درس قرآن بھی الحمدللہ منعقد ہوتا ہے۔ مدرسۃ القرآن للحفظ و القراءۃ بنین میں 157 طلبہ اور بنات میں 72 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ الحمدللہ اس سال ماہ جولائی میں شعبہ حفظ کے 12 طلبہ نے وفاق المدارس العربیہ کے تحت ہونے والے امتحانات میں شرکت کی اور تمام طلبہ کرام نے ممتاز نمبروں سے کامیابی حاصل کی۔ الحمدللہ یکم ستمبر سے ہاسٹل میں مقیم طلبہ کرام، رہائشی خادمین اور اہل محلہ کے لیے ناظرہ قرآن حکیم مدرسہ کا آغاز کیا گیا ہے جس میں قاری رفیق الاسلام صاحب تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ مسجد جامع القرآن قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں نماز پنجگانہ کے علاوہ، نماز جمعہ و عیدین، نکاح مسنونہ اور نماز جنازہ کا بھی اہتمام ہے۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں رجوع الی القرآن کورس 21-2020 کا آغاز 17 اگست 2020ء سے ہوا جس میں الحمدللہ اب تک 19 حضرات اور 18 خواتین شریک ہیں۔ مدرسۃ القرآن للحفظ و القراءۃ میں الحمدللہ تمام شعبہ جات میں تدریس کا عمل جاری ہے۔ کورونا وائرس کے پیش نظر ممکنہ احتیاطی تدابیر بھی اختیار کی جارہی ہیں۔ شعبۂ حفظ اور ناظرہ میں داخلے جاری ہیں۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر میں الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس میں 35 طلبہ اور 16 طالبات شریک ہو رہی ہیں۔ مورخہ 26 ستمبر سے ہفتہ وار حلقات ودورات کا آغاز ہوا جن میں "دروس اللغۃ العربیہ" برائے حضرات وخواتین اور "منتخبات علوم دینیہ" برائے حضرات شامل ہیں۔ مذکورہ بالا کورسز میں شرکاء کی تعداد بالترتیب 11 اور 16 رہی۔ اگلے ماہ سے بچوں کے لئے تربیتی کورس اور شام کے اوقات میں مختصر دورانیہ کے کورسز شروع کرنے کا ارادہ ہے ان شاءاللہ۔ ادارے میں دفتری اوقات میں تمام وابستگان ادارہ بشمول اساتذہ اور دفتری اسٹاف کے لئے تربیتی کورس کے موڈیول 2 کا آغاز کردیا گیا ہے۔ مسجد جامع القرآن گلستان جوہر میں خطاب جمعہ میں سورۃ الکہف کا سلسلہ وار مطالعہ جاری ہے۔ الحمدللہ مسجد میں مدرسۃ القرآن برائے قاعدہ وناظرہ کا باقاعدہ آغاز کیا گیا جس میں مہینے کے اختتام تک 32 طلبہ کا داخلہ ہو چکا ہے۔ حلقہ ناظرہ برائے بالغان بعد نماز فجر جاری ہے۔ روزانہ کی ترتیب میں ترجمہ قرآن بعد نماز فجر، اصلاحی خطبات بعد نماز ظہر اور درس حدیث بعد نماز عصر جاری ہے۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد حیدر آباد میں الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس سالِ اول کی تدریس جاری ہے۔ 25 طلبہ اور 15 طالبات کورس میں شرکت کر رہے ہیں مزید داخلوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ظہر تا عصر بچوں کے لیے ناظرہ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں قاری صاحب بچوں کو تجوید کے ساتھ قرآنِ پاک اور مفتی صاحب دعائیں اور اخلاقیات کا درس دیتے ہیں۔ بعد نمازِ مغرب تعلیم بالغان کا اہتمام ہے جس میں قاری صاحب بڑی عمر کے حضرات کو تجوید کے ساتھ قرآنِ پاک کی تعلیم دیتے ہیں۔ بروز ہفتہ اور اتوار بعد نمازِ ظہر سابقہ کورسز کی تکمیل کرنے والے طلبہ کے لیے دروس اللغۃ العربیہ (حصہ دوم) کا آغاز کیا گیا ہے، کورس کا دورانیہ 3 ماہ ہے، حصہ اول کی تکمیل پچھلے بیچ میں ہو چکی ہے۔ 3 اکتوبر سے اللغۃ العربیہ ویک اینڈ کورس کا آغاز کیا جا رہا ہے، کورس کا دورانیہ 5 ماہ ہے، ہفتہ اور اتوار کلاسز کا انعقاد ہوگا۔ دروس اللغۃ العربیۃ (حصہ اول)، قصص النبیین (حصہ اول)، زاد الطالبین کتابوں کی تدریس ان شاء اللہ ہوگی۔ بروز جمعہ بعد نماز مغرب تنظیمِ اسلامی لطیف آباد کے تحت درسِ قرآن کا اہتمام ہوتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری فاروق ناغڑ صاحب ادا کر رہے ہیں۔ بروز اتوار بعد نمازِ عشاء تنظیمِ اسلامی لطیف آباد کے تحت درسِ حدیث کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری یاسر شیخ صاحب ادا کرتے ہیں۔ سیرت صحابہ رضی اللہ عنہم کے عنوان کے تحت بعد نمازِ عشاء 9 تا 10 بجے، 10 روزہ کورس کا انعقاد کیا گیا جس میں عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم کی سیرتِ مبارکہ بیان کی گئی، اس کورس میں بڑی تعداد میں حضرات و خواتین نے شرکت کی۔

## قرآن مرکز لانڈھی

مدرسۃ القرآن قرآن مرکز لانڈھی میں الحمدللہ حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں SOPs کے ساتھ تدریس کا آغاز کیا جا چکا ہے۔ مرکز میں جمعے کے دن ہفتہ وار درس قرآن کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری ہے۔ حفظ و ناظرہ میں داخلے جاری ہیں۔

## دی ہوپ اسلامک اسکول

دی ہوپ اسلامک اسکول میں الحمدللہ 17 ستمبر 2020ء سے نویں اور دسویں جماعت کی کلاسز باقاعدہ جاری ہیں اسی طرح 28 ستمبر 2020ء سے تمام کلاسز میں باقاعدہ تدریس کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ SOPs کے تحت تمام احتیاطی تدابیر ممکنہ حد تک اختیار کی جا رہی ہیں۔

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات و دروس

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** گزشتہ ماہ خصوصی محاضرہ کے تحت 2 لیکچرز منعقد کیے گئے بعنوانات "علم کی فضیلت" جس میں تدریس کی ذمہ داری ناظم تعلیم قرآن اکیڈمی یٰسین آباد جناب عاطف محمود صاحب نے ادا کی جبکہ "تنظیم الاوقات Time Management" پر بھی لیکچر منعقد ہوا جس میں مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے تدریس کے فرائض ادا کیے۔

فکر اسلامی کے تحت 2 لیکچرز منعقد ہوئے بعنوان "مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق" جس میں تدریس کے فرائض مدیر قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر جناب ڈاکٹر انوار علی صاحب نے ادا کیے جبکہ "دینی فرائض کا جامع تصور" پر بھی لیکچر منعقد ہوا جس میں تدریس کے فرائض استاذ قرآن اکیڈمی یٰسین آباد جناب حافظ محمد اسد صاحب نے ادا کیے۔

**قرآن اکیڈمی کورنگی** گزشتہ ماہ خصوصی محاضرہ بعنوان "علم کی فضیلت اور اہمیت" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب انجینئر نعمان اختر صاحب نے ادا کی۔ خصوصی محاضرہ بعنوان "تنظیم الاوقات (Time Management)" منعقد کیا گیا۔ جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا کی۔

فکر اسلامی کے تحت لیکچرز منعقد ہوا بعنوان "مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق" جس میں تدریس کے فرائض مدیر قرآن اکیڈمی یٰسین آباد جناب سید سلیم الدین صاحب نے ادا کیے۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر** گزشتہ ماہ خصوصی محاضرہ بعنوان "علم کی فضیلت اور اہمیت" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی یٰسین آباد جناب سید سلیم الدین صاحب کے ذمہ تھی، جبکہ فکر اسلامی کے تحت "مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق" کا بھی انعقاد عمل میں آیا جس میں تدریس کے فرائض نائب ناظم دعوت و تربیت تنظیم اسلامی وسطی جناب انجینئر عثمان علی صاحب نے ادا کیے۔

# اعلانات

**قرآن اکیڈمی یلیین آباد** میں 12 اکتوبر بروز پیر سے حلقات و دورات دینیہ Short Courses جس میں عربی گرامر برائے قرآن فہمی برائے حضرات و خواتین، بچوں اور بچیوں کے لیے علم و عمل کورس، منتخبات علوم دینیہ کورس، قرآن حکیم کی صرفی و نحوی تحلیل کورس، دروس اللغۃ العربیہ کورس، بنیادی عربی گرامر کورس برائے خواتین، تجوید القرآن کورس برائے خواتین (صبح / سہ پہر)، اور تنظیم اسلامی فیڈرل بی ایریا کے تحت شام کے اوقات میں قرآن فہمی کورس کا آغاز کیا جارہا ہے۔

# شعبۂ مطبوعات

انجمن خدام القرآن سندھ کے تحت شعبۂ مطبوعات مصروف کار ہے۔ اس ماہ تین کتابیں پرنٹ کی گئی ہیں۔

کتاب آسان عربی گرامر (مجلد) خوبصورت ٹائٹل اور ڈیزائن کے ساتھ تقریباً 1100 کی تعداد میں پرنٹ کی گئی جو کہ انجمن خدام القرآن کے تمام مکتبہ جات پر مناسب قیمت پر دستیاب ہے۔

کتاب مطالعۂ قرآن حکیم کا منتخب نصاب (جلد اول) خوبصورت ٹائٹل اور ڈیزائن کے ساتھ تقریباً 550 کی تعداد میں پرنٹ کی گئی جو کہ انجمن خدام القرآن کے تمام مکتبہ جات پر مناسب قیمت پر دستیاب ہے۔

کتاب مطالعۂ قرآن حکیم کا منتخب نصاب (جلد دوم) خوبصورت ٹائٹل اور ڈیزائن کے ساتھ تقریباً 550 کی تعداد میں پرنٹ کی گئی جو کہ انجمن خدام القرآن کے تمام مکتبہ جات پر مناسب قیمت پر دستیاب ہے۔

# شعبۂ سمع و بصر

## قرآن فورم:

قرآن فورم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں ایک نئے سلسلہ کا آغاز کیا گیا ہے جس میں قرآنِ حکیم کی ان تمام آیات کو زیرِ گفتگو لایا جارہا ہے جن کا آغاز یَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا یعنی اے ایمان والو! سے ہوتا ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ و ناظم تعلیم جناب محمد نعمان صاحب میزبانی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں جبکہ امیر محترم و نگرانِ انجمن جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرووَن نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 1 بجے نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کے آفیشل فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر بھی ہر ہفتہ رات 8 بجے باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ ستمبر 2020ء کے مہینے میں درجِ ذیل موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے:

توبہ (سورۃ التحریم آیت 8)

ایمان (سورۃ النساء آیت 136) ارتداد (سورۃ المائدۃ آیت 54)

ایمان بالرسالت (سورۃ الحدید آیت 28)

## سلسلہ وار درسِ قرآن

کارساز کے مقام پر ہونے والے جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے درسِ قرآن کے سلسلہ کا دوبارہ آن لائن آغاز کیا گیا ہے۔ مذکورہ درس ہر اتوار سہ پہر 3 بجے قرآن اکیڈمی کے آفیشل فیس بک پیج www.facebook.com/QuranAcademyDefence اور یوٹیوب چینل www.youtube.com/c/QuranChannelTv پر نشر کیا جارہا ہے۔

گزشتہ ماہ درجِ ذیل موضوعات پر دروسِ قرآن ریکارڈ کرکے نشر کیے گئے:

سورۃ الحشر آیات 18 تا 24 سورۃ الممتحنہ آیات 1 تا 6

سورۃ الممتحنہ آیات 7 تا 13

## آن لائن فہم دین کورس (Promo)

آن لائن فہم دین کورس کے لیے ایک منٹ کے دورانیہ پر مشتمل Promo تیار کیا گیا جس کی قرآن اکیڈمی کے آفیشل فیس بک پیج پر Paid Promotion کے ذریعہ بڑے پیمانے پر تشہیر کی گئی۔

## تذکیر

رفقائے تنظیم اسلامی کے لیے جناب شجاع الدین شیخ صاحب کی جانب سے "تذکیر" کے عنوان سے ہفتہ وار مختصر پیغام پر مشتمل ویڈیوز کے سلسلہ کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں اب تک تین ویڈیوز ریکارڈ کرکے مرکز کو ارسال کی جاچکی ہیں۔

## پالیسی اسٹیٹمنٹ

گزشتہ ماہ امیر محترم جناب شجاع الدین شیخ صاحب کی درجِ ذیل اُمور پر پالیسی اسٹیٹمنٹ کی ویڈیوز ریکارڈ کرکے مرکز کو ارسال کی گئیں:

قائداعظم کی 11 اگست 1947 کی تقریر افغانستان میں امن اسلامی نظام حکومت سے مشروط ہے۔

# اغراض و مقاصد انجمن خدام القرآن، سندھ، کراچی

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے قیام کا مقصد منبع ایمان اور سر چشمۂ یقین قرآنِ حکیم کے علم و حکمت کی وسیع پیمانے اور اعلیٰ علمی سطح پر تشہیر و اشاعت ہے۔ تاکہ اُمت مسلمہ کے فہیم عناصر میں تجدید ایمان کی ایک عمومی تحریک برپا ہو جائے اور اس طرح اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور غلبۂ دینِ حق کے دورِ ثانی کی راہ ہموار ہو سکے۔

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے اغراض و مقاصد:

☆ عربی زبان کی تعلیم و ترویج؛

☆ قرآن مجید کے مطالعے کی عام ترغیب و تشویق؛

☆ علومِ قرآنی کی عمومی نشر و اشاعت؛

☆ ایسے نوجوانوں کی مناسب تعلیم و تربیت جو تعلّم و تعلیمِ قرآن کو اپنا مقصدِ زندگی بنالیں اور

☆ ایک ایسی قرآن اکیڈمی کا قیام جو قرآنِ حکیم کے فلسفہ و حکمت کو وقت کی اعلیٰ ترین علمی سطح پر پیش کر سکے۔

